29 ستمبر، 2011

پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ تبدیل کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2011 ہے، اسٹیٹ بینک

پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ تبدیل کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2011 ہے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عوام کو ایک بار پھر یاددہانی کرائی ہے کہ وہ پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر اور مائیکروفنانس بینکوں سمیت ملک بھر میں کام کرنے والے تمام بینکوں کی شاخوں سے تبدیل کرالیں۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان/ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) مذکورہ بالا آخری تاریخ کے بعد نہ تو اس بینک نوٹ کو تبدیل کریں گے اور نہ ہی کسی فرد یا کسی بینک کو اس بینک نوٹ کی مالیت کی ادائیگی کے پابند ہوں گے کیونکہ پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ کی قانونی حیثیت یکم اکتوبر 2011 سے ختم ہوجائے گی۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مائیکروفنانس بینکوں سمیت ملک میں کام کرنے والے تمام بینکوں کو پہلے ہی ہدایت کردی ہے کہ وہ پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ 30 ستمبر 2011 کی مقررہ آخری تاریخ تک تبدیل کرانے کے لئے عوام کو سہولت فراہم کریں۔

[☆☆☆]